عینک فریدی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ سابق ایم این اے حاجی بوٹا' پانچویں مرتبہ بجلی چوری کرتے پکڑے گئے۔ (ایک خبر)

اب وہ اپنی کار پر ''ایک معزز شہری'' کا بورڈ لگا سکتے ہیں۔

☆ دینی مدارس میں بھی سائنسدان پیدا ہونے چاہئیں۔ (ڈاکٹر جاوید اقبال)

پھر کالج اور یونیورسٹیوں میں بھی علماء پیدا ہونے چاہئیں۔

☆ دو اور شرابی دم توڑ گئے' مرنے والوں کی تعداد ۱۵ ہوگئی۔ (ایک خبر)

بازار کی نالی میں اک ''جہاز'' پڑا تھا بازو تھے پھیلے ہوئے اور منہ بھی کھلا تھا

منہ میں کتے نے پیشاب کیا تو بولا ساقیا! اور پلا ، اور پلا ، اور پلا

☆ پاکستان میں جمہوریت' ہمارے حالات کے مطابق ہے۔ (سپیکر چودھری امیر حسین)

پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

☆ ۳۱ رد سمبر تک وردی اتارنے کی پابندی ثابت ہونے پر مستعفی ہو جاؤں گا۔ (شیر افگن)

''سکرین ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپیہ نقد انعام دیا جائے گا'' (ایک اشتہار)

☆ تنگ ذہن لوگ' پاکستان کو پتھر کے دور میں لے جانا چاہتے ہیں۔ (شوکت عزیز)

جنہیں فضول سمجھ کر بجھا دیا تو نے وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

☆ تھانے کلچر بدل جائیں گے۔ (چودھری پرویز الٰہی' وزیر اعلیٰ پنجاب)

یعنی عوام پر پہلے سے بھی زیادہ ظلم ہوگا

☆ پاکستان کو روشن خیال اور ترقی پسند بنانا ہمارا ہدف ہے۔ (شوکت عزیز)

اللہ کرے قائداعظم کے پاکستان کی تکمیل آپ کے ہاتھوں ہو۔

☆ سر! آپ کی آنکھوں میں کوئی چمک ہے' اللہ تعالیٰ نظر بد سے بچائے۔ (ایک خوشامدی اہلکار' اپنے افسر سے)

''میں تورات کے اندھیرے میں بھی پڑھ لیتا ہوں۔''

☆ وزیر اعظم ہاؤس میں نماز استسقاء' مولانا طارق جمیل نے امامت کی۔ (ایک خبر)

اب نمازیں رائے ونڈ کی بجائے وزیر اعظم ہاؤس میں ہی ادا ہوں گی۔